# اضافی ویکسین (بوسٹر شاٹس) کے وقفے کو کم کرنا اور 30 سال سے کم عمر اشخاص کیلئے فائزر کے انتخاب کی تجویز

## □ سنگین موت کے خطرے کے پیش نظر اضافی ویکسین (بوسٹر شاٹس) کے درمیان وقفے کو کم کرنا

| تجویز کردہ ویکسین کا وقفہ | | اہداف |
|---|---|---|
| تبدیلی کے بعد | موجودہ | |
| 4 مہینے | 6 مہینے | 60 سال سے زائد |
| | | انفیکشن سے متاثرہ اشخاص کیلئے موجود سہولیات میں داخل ہونے اور کام کرنے والے افراد 1) |
| | | نرسنگ ہسپتال، مریضوں کے داخلے کی سہولیات، داخل ہونے اور کام کرنے والے افراد |
| | | بنیادی طبی امراض والے مریض (عمر 18 سے 59 سال) |
| | | طبی اداروں، ہسپتالوں اور کلینکوں میں کام کرنے والے |
| 5 مہینے | 6 مہینے | 50 کی دہائی والے |
| | | ترجیحی بنیادوں پر ویکسین لگوانے والے پیشے 2) |
| 2 مہینے (تبدیلی نہیں) | 2 مہینے | جینسین (JANSSEN) ویکسین لگوانے والے |
| | | کم قوتِ مدافعت والے 3) |

1) بزرگوں کی سہولیات (رہائش، دن/رات/قلیل مدتی نگہداشت)، معذوروں کے لیے سہولیات (رہائش/دن کی دیکھ بھال)، بزرگوں کے لیے نرسنگ ہوم، تپ دق اور ہانسین کا علاج کروانے والے مریضوں کے لیے رہائش کی سہولیات، بے گھر افراد کے لیے سہولیات

2) سپاہی، پولیس، فائر فائٹرز، کوسٹ گارڈ، صحت اور طبی عملہ، خصوصی ڈے کیئر اور ڈے کیئر نرسیں، خصوصی تعلیم اور صحت کے اساتذہ، اصلاحی سہولیات وغیرہ، فلائٹ عملہ وغیرہ۔

3) شدید لیوکیمیا اور قوتِ مدافعت کا علاج کرانے والے مریض وغیرہ۔

○ **ریزرویشن کروانے کیلئے** کورونا19 **ویکسین ریزرویشن ویب سائٹ** (https://ncvr.kdca.go.kr) پر ویکسین لگوانے کے مقررہ وقت سے 2 ہفتے پہلے ریزرویشن کروائیں۔ یہ سہولت **(22 نومبر (پیر)** کے بعد سے دستیاب ہے۔

***** ویکسین لگوانے کی تاریخ دسمبر 6 (پیر) کے بعد کی تاریخ منتخب کی جا سکتی ہے۔

○ ریزرویشن کا وقت آنے پر، آپ کو **اہلیت اور ریزرویشن کرنے کے طریقے کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے انفرادی ٹیکسٹ پیغامات** بھیجے جائیں گے۔

□ 30 سال سے کم عمر (1 جنوری 1992 کے بعد پیدا ہونے والے) کیلئے بنیادی (پہلی اور دوسری) ویکسین کے لیے فائزر ویکسین کی تجویز و مشورہ

○ کچھ ممالک میں موڈرنا (Moderna) ویکسین سے مایوکارڈائٹس اور پیریکارڈٹس کے واقعات فائزر (Pfizer) ویکسین سے زیادہ ہوتے ہیں، اس لیے قبل از وقت اقدامات کیے جائیں۔

□ روزمرہ کی زندگی کی مرحلہ وار بحالی کیلئے کورونا19 کے خطرات کی تشخیص

○ طبی ردِ عمل کی صلاحیتوں پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے مختلف خطرات کی جامع تشخیص کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر بحالی کے مرحلے یا ہنگامی منصوبوں کے نفاذ جیسے اقدامات کی تیاری رکھنا

○ ہفتہ وار تشخیص کے بعد اس بارے میں فیصلہ کرنا کہ آیا 4 ہفتوں کی مرحلہ وار تشخیص کے بعد روزمرہ کے معمولات کو زندگی میں لاگو کرنا ہے۔

< یہ ترجمہ Gyeongsangnam-do (کیانگسانگ نام دو) ملٹی کلچرل فیملی سپورٹ سنٹر کی طرف سے کیا گیا >